نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

2 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

479/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی ہیلی کاپٹرز جنوبی پاکستان میں امدادی پروازیں کریں گے

اسلام آباد (2 ستمبر 2010ء) ___ امریکی میرین کور کے چار سی ایچ-46 سی نائٹ ہیلی کاپٹرز سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کی تیاریوں کیلئے آج سکھر کے قریب واقع پنوں عاقل ایئر بیس پر پہنچے۔

یہ ان کُل آٹھ امریکی ہیلی کاپٹرز میں سے پہلے چار ہیں جو جنوبی ایئر بیس پر پاکستانی افواج کے ساتھ مل کر سیلاب زدہ علاقوں میں معاونت کریں گے۔ ان میں سے دو ہیلی کاپٹرز شمال میں واقع غازی ایئر بیس سے آئے جبکہ دیگر دو کراچی کے جنوبی ساحل سے پرے تعینات یو ایس ایس پیلیلیو سے پرواز کر کے پہنچے۔ یو ایس ایس پیلیلیو سے مزید ہیلی کاپٹرز امدادی کارروائیوں میں معاونت کریں گے۔

ایک نئے مقام سے ہیلی کاپٹرز کے یہ آپریشنز حکومت پاکستان کی جانب سے جنوبی علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں معاونت کی درخواست پر شروع کئے گئے ہیں۔

آئندہ دنوں میں الاسکا سے آنے والے امریکی فوج کے ہیلی کاپٹرز چکالہ ایئر بیس راولپنڈی پہنچیں گے جنہیں بالآخر غازی ایئر بیس بھیج دیا جائے گا۔ وہ وہاں پہلے سے موجود امریکہ کے 15 فوجی ہیلی کاپٹرز کی جگہ لیں گے۔

پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں انسانی بنیاد پر امدادی کارروائیوں میں معاونت کرنے والے امریکی فوجی طیاروں نے اب تک تین ملین پاؤنڈز سے زائد امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں پہنچایا اور 11,000 سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov پر ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800